DAILY AWAZ LAHORE

Daily AWAZ LAHORE

روزنامہ آواز لاہور

بانی گروپ میر خلیل الرحمٰن | ہفتہ 11 ربیع الثانی 1439ھ 30 دسمبر 2017ء 17 پوہ 2074ب فون 83-36367480 فیکس 3-36309451 صفحات 8 قیمت 8 روپے | جلد 21 شمارہ 251

انارکلی، حقیقت یا افسانہ کے موضوع پر الحمرا میں تقریب

لاہور (کلچرل رپورٹر) مقامی تنظیم کے زیر اہتمام الحمرا ہال میں اوپن ٹاک فورم کا انعقاد کیا گیا جس میں شرکاء نے انارکلی، حقیقت یا افسانہ کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔ تقریب کا اہتمام راجہ ریاض نے کیا تھا۔ اس موقع پر ممتاز شاعر و ادیب ڈاکٹر منور چاند، حسین مجروح، ڈاکٹر امجد طفیل، ممتاز راشد لاہوری، آفتاب خان، ڈاکٹر کنول فیروز، طفیل اختر، محمد پرویز کلیم اور دیگر نے انارکلی کے حوالے سے مفصل گفتگو کی۔ راجہ ریاض نے لوک ورثہ، ثقافت کے فروغ اور نوجوان نسل میں اس کی آگاہی پر زور دیتے ہوئے ایسے مزید پروگرامز کروانے کا بھی اعلان کیا۔

DAILY 92 LAHORE

The Daily 92 News
روزنامہ 92 نیوز لاہور
SATURDAY, DECEMBER 30, 2017
قیمت 13 روپے
جلد 2 شمارہ 333

تھیٹرز میں فحاشی، ڈپٹی کمشنرز کو انتظامیہ کیخلاف کارروائی کی ہدایت

لاہور (کلچرل رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبے میں تھیٹر کے اندر بڑھتی کوہوئی فحاشی روکنے کے لیے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو تھیٹر انتظامیہ کیخلاف قانونی کارروائی کی ہدایت کردی ہیں۔ پنجاب کے ہوم ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مراسلہ بھیجا گیا ہے کہ تھیٹر ڈراموں کیلیے بنائے گئے ایس او پیز پر عمل درآمد نہیں کیا جارہا جب کہ ڈرامے منظور کیے گئے سکرپٹ کے علاوہ چلائے جارہے ہیں اور رات کو ایک بجے کے بعد بھی ڈرامے چل رہے ہیں، ڈراموں میں فحش جملوں کا استعمال بھی عام ہے، سٹیج اداکارائیں ڈریس کوڈ کی بھی پابندی نہیں کررہی ہیں۔

DAILY JEHAN PAKISTAN

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER, APNS, CPNE

روزنامہ
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف
جہان پاکستان
لاہور

جلد 6 | ہفتہ 11 ربیع الثانی 1439ھ 30 دسمبر 2017ء 17 پوہ 2074 ب | شمارہ 146 | صفحات 40 | قیمت 19 روپے

تھیٹرز میں فحاشی روکنے کیلئے ڈپٹی کمشنرز کو کارروائی کی ہدایت

لاہور (وقائع نگار خصوصی) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبے میں تھیٹر کے اندر بڑھتی ہوئی فحاشی کو روکنے کے لیے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز کو تھیٹر انتظامیہ کیخلاف قانونی کارروائی کی ہدایت کردی ہیں۔ پنجاب کے ہوم ڈیپارٹمنٹ کی جانب سے مراسلہ لکھا گیا ہے کہ تھیٹر ڈراموں کیلئے بنائے گئے ایس او پیز پر عمل درآمد نہیں کیا جارہا جب کہ ڈرامے منظور کئے گئے اسکرپٹ کے علاوہ چلائے جارہے ہیں اور رات کو ایک بجے کے بعد بھی ڈرامے چل رہے ہیں، ڈراموں میں فحش جملوں کا استعمال بھی عام ہے، اسٹیج اداکارائیں ڈریس کوڈ کی بھی پابندی نہیں کررہی ہیں اس کے علاوہ شائقین کی جانب سے نوٹ نچھاور کرنا بھی ڈراموں میں دیکھا گیا ہے۔